تصنیف

حجۃ الاسلام حضرت علامہ
مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی علیہ الرحمہ

فتاویٰ حامدیہ

کتاب

الحظر والاباحۃ

بعض اوقات جب مجھ سے اس کے متعلق سوال ہوا تو میں نے اس کے شرعی نقائص پر روشنی ڈالی، ہاں اتنا ضرور کہ جو سنی رضوی اس میں کسی غرض شرعی یا محض ناواقفی سے اس میں شریک ہو گئے ہیں ان کی نسبت میں کوئی سخت حکم نہیں لگاتا اور یہ شرعی نقطۂ نظر سے کہتا ہوں اس کے لئے میرے ذہن میں دلائل ہیں، اس سے مجھے لیگ کی حمایت مقصود نہیں بلکہ اپنے سنی رضوی بھائیوں کو تکفیر و تضلیل و تفسیق سے بچانا مقصود ہے، میرے سامنے حضور پر نور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روش ہے، مدرسہ (منظر اسلام) بحیثیت تبلیغ دین اور جماعت (رضائے مصطفیٰ) بحیثیت تبلیغ عقائد اہلسنت بفضلہ تعالیٰ اسی روش اور اسوۂ حسنۂ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ہیں۔

حضور پر نور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے مولوی عبدالباری صاحب کی دعوت پر اس جلسے میں بھیجا تھا جس کے دعوت نامے میں مولانا عبدالباری صاحب وغیرہ علمائے فرنگی محل کے ساتھ مجتہدین روافض کے بھی نام تھے اور یہ وہ وقت ہے جب مانٹی گو وزیر ہند ہندوستان آیا تھا اور سیلف گورنمنٹ کا ہندوستان میں ایک شور غوغا مچا ہوا تھا، مولانا عبدالباری صاحب نے تحریر فرمایا تھا کہ اس وقت اگر ہماری آواز کوئی وزن نہ رکھے گی تو دیوبندی تمام مسلمانوں کے نمائندے بن کر اہل سنت کو مضرت پہنچانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھیں گے۔

میرے ہمراہ حضرت مولانا ظہور حسین صاحب رامپوری صدر دار العلوم اور

جناب مولانا مولوی رحم الٰہی صاحب اور صدر الشریعہ مولانا امجد علی صاحب خلفائے اعلیٰ حضرت بھی تھے اور ہمیں اس جلسے میں جانا پڑا تھا جس میں روافض و وہابیہ وغیرہ بھی شریک تھے تو کیا تحفظ حقوق کے لئے اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہمیں اجازت شرکت دینا عیاذ اباالمولیٰ تعالیٰ گمراہی و فسق کہا جا سکتا ہے اور کیا ہم سب شریک ہونے والے کسی گمراہی و فسق کے مرتکب ہوئے تھے؟ حاشا!

"الامو ربمقاصدها وانما الاعمال بالنیات ولکل امری مانوی یعنی امور اپنے مقاصد کے ساتھ معتبر ہوتے ہیں اور اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کے لئے وہی ہے جو اس نے نیت کی" (فاروقی)

عزیزم ان افترائات کا سبب صرف اور صرف یہی ہے کہ میں نے اس مسئلہ کے متعلق محض بطور افہام و تفہیم تبادلۂ خیالات کرنا چاہا تھا میں اہل سنت میں تفریق اور رضویوں پر فتویٔ تضلیل و تفسیق ہرگز پسند نہیں کروں گا، میرے نزدیک جو اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سچے حلقہ بگوش ہیں وہ اگر کسی غرض شرعی سے شریک ہوگئے ہیں تو ان پر میری فقہی نظر میں کوئی شرعی الزام نہیں ہاں جن کے عقائد فاسد ہوں جیسے عقائد رکھتے ہوں ویسے ہی حکم تکفیر یا تضلیل یا تفسیق کے مستحق ہوں گے۔

عزیزم میں نے تو اس بلائے عظیم کو دیکھتے ہوئے چاہا تھا کہ اہل سنت کی تشکیل

ہو جائے اور علمائے کرام ایک تنظیم کے تحت اپنی وہ آواز حق بلند کریں جو حضور پر نور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آواز تھی یعنی کفار ومشرکین سے موالات حرام ہونا اور یہ آواز حضور پر نور ہی کی آواز نہیں اللہ ورسول جل جلالہ وصلی المولیٰ تعالیٰ علیہ وسلم کی صدائے برحق ہے۔

ہماری آواز پر اہلسنت لبیک کہیں گے اور ہماری منظم جماعت کی آواز ملک وقوم میں اپنے سر کے کانوں ہی تک نہیں دلوں کی گہرائیوں میں اثر کرے گی، مسلمان لیگ وغیرہ کی رو میں نہ بہیں گے بلکہ ہمارے ساتھ ہم آواز ہوں گے اس طرح ہم لیگ کے شریک نہ سمجھے جائیں گے بلکہ لیگ ہماری آواز اٹھانے والی ہوگی، اس ''منظم جماعت علماء'' کی ہدایات لیگ اور تمام ادارات اسلامیہ کو مذہبا ماننا پڑیں گی، مسلمان ان مفاسد شرعیہ سے محفوظ ہو جائیں گے جن کا خطرہ اب محسوس کیا جاتا ہے۔

عرس سراپا قدس امام اہل سنت رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں جو اکابر علمائے اہل سنت تشریف لائے تھے میں نے ان سب کو جمع کر کے اس تنظیم کی تحریک کی تھی مگر شومئ قسمت سے بعض حضرات کو ایک آنکھ نہ بھائی، مجلس مشاورت سے انھوں نے اس تفریق کو نظر استحسان سے دیکھا۔

پیارے عثمان! کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ میں نے جو یہ راہ عمل نکالی تھی اس میں کوئی شرعی نقص تھا؟ یا کوئی کفر وگمراہی کا راستہ تھا جس کی یوں تخریب روا رکھی گئی؟ مجھے اس کی